لائبریری شعبہ علوم اسلامیہ جامعہ پنجاب لاہور۔

شیخ زید اسلامک سینٹر لائبریری جامعہ پنجاب لاہور۔

پنجاب پبلک لائبریری لاہور۔

قائداعظم لائبریری لاہور۔

منصورہ لائبریری لاہور۔

منہاج القرآن لائبریری لاہور

جامعہ سلفیہ لائبریری لاہور

جامعہ نعیمیہ لائبریری لاہور

اصلاح انٹرنیشنل لائبریری لاہور۔

ہمدم لائبریری سیالکوٹ

علامہ اقبال لائبریری سیالکوٹ

انٹرنیٹ کی سہولیات سے استفادہ کیا گیا۔

مقالہ کی تکمیل کے دوران اساتذہ کرام اور اہل علم حضرات سے خصوصی استفادہ کیا گیا۔

منصوبہ تحقیق (Thesis plan)

مقالہ ہذا میں سیرت رسول اللہ ﷺ از سید نواب علی کے اسالیب و مناہج، خصائص و امتیازات سے بحث کی گئی ہے۔ محقّق نے انہی امور کے متعلق تحقیق کرنے کی سعی کی ہے۔

مقالہ ہذا چار ابواب پر مشتمل ہے۔

بابِ اوّل کا عنوان: باب اول: پروفیسر سید نواب علی کے احوال و آثار پر مبنی ہے۔ جو تین فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اوّل پروفیسر سید نواب علی کی حیات پر مشتمل ہے۔ فصل دوم میں پروفیسر سید نواب علی کی خدمات کو اجاگر کیا گیا ہے جبکہ فصل سوم میں پروفیسر سید نواب علی کے اخلاق واوصاف کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

باب دوم کا عنوان: پروفیسر سید نواب علی سیرت نگاری، جس میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ فصلِ اوّل پروفیسر سید نواب علی کی کتاب "تذکرۃ المصطفی ﷺ" کا جائزہ پر مشتمل ہے۔ فصلِ دوم پروفیسر سید نواب علی کی کتاب "ہمارے نبی ﷺ کا جائزہ" پر ہے اور فصلِ سوم پروفیسر سید نواب علی کی کتاب "رسول رحمت ﷺ کا جائزہ" کا جائزہ پر مشتمل ہے۔

باب سوم کا عنوان: "سید نواب علی کی سیرت نگاری کا منہج واسلوب" کے عنوان سے قائم کیا گیا ہے جس کی فصلِ اوّل میں سیرت رسول اللہ ﷺ از سید نواب علی کا منہج واسلوب بیان کیا گیا ہے اور فصلِ دوم "مستشرقین کے اعتراضات

کا محاکمہ" کے عنوان سے قائم کی گئی ہے اور فصلِ سوم سید نواب علی کی سیرت نگاری پر ہمعصر علماء کے اثرات کا جائزہ پر مشتمل ہے۔

ہر باب کے آخر میں خلاصہ اور آخر میں سفارشات و تجاویز کا ذکر ہے اور بعد ازاں مصادر و مراجع کا تذکرہ کیا ہے۔